SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, June 03, 1999

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at forty seven minutes past six in the evening , with Mr. Chairman (Mr . Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قد خلت من قبلکم سنن فسیروا فی الارض فانظروا کیف کان عاقبۃ المکذ

بینO ھذا بیان للناس و ھدیٰ و موعظۃ للمتقینO و لا تھنوا و لا تحزنوا

وانتم الاعون ان کنتم مؤمنینO

(آل عمران: ۱۳۷-۱۳۹)

ترجمہ: تم لوگوں سے پہلے بہت سے واقعات گزر چکے ہیں تو تم زمین پر چل کر دیکھ لو کہ جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا۔ یہ قرآن لوگوں کے لئے بیان صریح اور اہل تقویٰ کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے اور دیکھو بیدل نہ ہونا اور نہ کسی طرح کا غم کرنا۔ اگر تم پکے مومن ہو تم ہی غالب رہو گے۔

جناب چیئرمین : جزاک اللہ جی۔ اچھا جی ۔ What do we do about question hour? کیوں جی is it acceptable کہ آج question hour کو suspend کیا جائے۔ جی جناب resolution کو move کریں۔

Mr. Sartaj Aziz: Mr. Chairman, I beg to move that under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, the requirement of Rule 27, 38 and 120 be dispensed with enabling the House to consider resolution on the escalation of violation of the Line of Control in Kashmir by India.

جناب چیئرمین: پہلے question hour کو suspend کریں ناں۔

جناب سرتاج عزیز: تینوں اکٹھے ہی ہیں۔

جناب چیئرمین: اسی میں آ گیا ہے O.k

It has been moved by Mr. Sartaj Aziz, the Minister for Foreign Affairs under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1998, that the requirement of Rule 27, 38 and 120 be dispensed with to enable the House to consider the resolution on the escalation of violation of the Line of Control in Kashmir by India.

(The motion was carried)

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب چیئرمین، مہربانی ہو گی اگر یہ سوالات next rota day پر transfer ہو جائیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی۔ ٹھیک ہے جی۔

جناب سیف اللہ خان پراچہ: اس کو کل پر کر دیں۔ کل والوں کے ساتھ لگا دیں۔

جناب چیئرمین: تو کل والوں کا کیا ہو گا۔

مخدوم محمد جاوید ہاشمی: جناب اب تو یہ publish ہو گیا ہے۔

Mian Raza Rabbani: Sir, if the Government feels any difficulty then, this is not the spirit that was there in your office.

جناب چیئرمین ، نہیں اگر اس کو کل پر رکھ لیں تو اعتراض کیا ہے۔

مخدوم محمد جاوید ہاشمی ، کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب چیئرمین ، کل والے بھی رہیں گے، دیکھیں ناں گھنٹہ تو گھنٹہ ہی ہے ناں۔ کل دو گھنٹے تو نہیں ہو جائیں، گھنٹے میں جتنے آئیں گے اتنے ہونگے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو ، یہ پہلے لئے جائیں گے یا وہ پہلے لئے جائیں گے۔

جناب چیئرمین ، وہ فیصلہ کرلیں گے۔ لیکن اعتراض کیا ہے۔ اصل روح کیا ہے۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو ، کل لے لیں بے شک لیکن یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ پہلے کون سے ہونگے۔

جناب چیئرمین ، اگر کوئی اعتراض نہیں تو پھر یہ کل ٹیک اپ کئے جائیں گے۔

Mr. Sartaj Aziz : May I make a statement on this?

جناب چیئرمین ، جی فرمائیے، فرمائیے۔

جناب سرتاج عزیز ، جناب چیئرمین، میں اس معزز ایوان کو کشمیر پر لائن آف کنٹرول پر تشویشناک صورتحال سے آگاہ کرنا چاہتا ہوں۔ کشیدگی میں اضافہ خاص طور پر کارگل سیکٹر میں بھارتی فوجی کارروائیوں کی وجہ سے رونما ہوا۔ جہاں انہوں نے علاقے میں بھاری توپ خانہ، گن شپ ہیلی کاپٹر اور فضائیہ کو استعمال کیا۔ پاکستان جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ محاذ آرائی نہیں چاہتا اور وہ لائن آف کنٹرول پر امن کے قیام کا خواہاں ہے اور کشیدگی کا خاتمہ چاہتا ہے۔ ہم صبر و تحمل سے کام لیتے ہیں تاہم اگر لائن آف کنٹرول یا ہماری فضائی حدود کی خلاف ورزی کی گئی اور ہماری پوزیشنوں کو نشانہ بنایا گیا تو ہمارے پاس اپنے دفاع میں جوابی کارروائی کے سوا کوئی چارہ نہیں رہے گا۔ ہماری بہادر افواج خدا کے فضل سے ہر صورتحال کا مقابلہ کرنے کے لئے مکمل تیار ہے۔ میں معزز اراکین سینٹ کو کارگل سیکٹر میں لائن آف کنٹرول پر ہونے والی حالیہ کارروائیاں اور اس سلسلے میں کشیدگیوں کو ختم کرنے کے لئے حکومت پاکستان نے جو اقدامات کئے ہیں ان کے بارے میں کچھ تفصیل بتانا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین! مئی کے شروع میں بھارت نے کارگل سیکٹر میں متعدد مزید فوجی بریگیڈ بھیجے اور علاقے میں دور تک مار کرنے والے توپ خانہ بھی تعینات کر دیئے۔ وہ علاقے میں آس پاس کی پہاڑیوں

میں بھارتی توپ خانہ سے گولہ باری کرتے رہے اور ہماری پوزیشنوں کو نشانہ بناتے رہے۔ 26 مئی کو بھارت نے فضائی طاقت کا استعمال کر کے

محاذ آرائی میں مزید اضافہ کر دیا۔ یہ 1971ء کے بعد ایک غیر معمولی اقدام ہے کہ پہلی دفعہ 1971ء کے بعد ہندوستان کی Air Force عمل میں لائی گئی۔ بھارتی فوجوں نے شیوک سیکٹر میں ہماری پوزیشنوں پر قبضہ کرنے کی ناکام کوشش کی اور انہوں نے LOC کے پار راکٹوں اور توپخانے سے پاکستانی علاقہ کو نشانہ بنایا۔ جس کی وجہ سے وہاں کی شہری آبادی کا جانی اور مالی نقصان ہوا۔ ہمارے فوجی دستوں نے بھارتی دراندازی کی ہر کوشش کو ناکام بنایا اور اپنے علاقے کی بھرپور حفاظت کی۔ ہم نے بھارت کو خبردار کیا ہے کہ ہم اپنے دفاع کے لئے مناسب اور بروقت اقدامات سے دریغ نہیں کریں گے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ہم یہ بھی چاہتے ہیں کہ کشیدگی کا خاتمہ ہو۔ بدقسمتی سے بھارت نے ہماری تنبیہ پر خاطر خواہ توجہ نہ دی۔ ۲۷ مئی کو دو بھارتی لڑاکا طیاروں، مگ ۲۷ اور مگ ۲۱، نے کارگل سیکٹر میں لائن آف کنٹرول کو پار کر کے ہماری فضائی حدود کی خلاف ورزی کی جس پر ہم جوابی کارروائی کرنے پر مجبور ہوئے۔ ہم نے دونوں طیاروں کو مار گرایا۔ ایک بھارتی پائلٹ مارا گیا اور دوسرا گرفتار کر لیا گیا۔ ان طیاروں کا ملبہ لائن آف کنٹرول کے ساتھ پاکستانی علاقہ میں چھ سے سات کلو میٹر کے علاقے کے اندر گرا۔

بھارت نے الزام عائد کیا ہے کہ کارگل کے علاقے میں بھیجے گئے مجاہدین نے بلند پہاڑیوں پر قبضہ کر لیا تھا اور ان کی اس کوشش کو ناکام بنانے کے لئے بھارت کو بڑے پیمانے پر فوجی کارروائی کرنا پڑی۔ پاکستان کی جانب دراندازی کا جو الزام بھارت دہرا رہا ہے یہ اس کی بہانے بازی ہے۔ بھارت لائن آف کنٹرول کی اکثر و بیشتر خلاف ورزی کرتا رہتا ہے۔ اس مرتبہ بھی اس نے اپنی کارروائی پر پردہ ڈالنے کے لئے دراندازی کا یہ ڈرامہ رچایا ہے۔ مزید برآں بھارت کشمیریوں کے حق خود ارادیت کو پامال کرنے اور انہیں ان کے پیدائشی حق سے محروم کرنے کے لئے مقبوضہ کشمیر میں جو وحشیانہ مظالم ڈھا رہا ہے اس سے عالمی برادری کی توجہ ہٹانے کے لئے وہ اس طرح کی کارروائی پر اتر آیا ہے۔ ساتھ ہی یہ بات بھی غور طلب ہے کہ اگر واقعی ان کے اقدامات کے مطابق چار سو سے پانچ سو تک مجاہدین LOC کی ہندوستان کی طرف آ گئے ہیں تو انہیں ہٹانے کے لئے تین چار ڈویژن فوج یعنی پندرہ بیس ہزار فوج، اسی جہاز، بیس گن شپ کی ضرورت پڑے گی۔ تو ضرور ان کے کچھ عزائم ہیں جن کا جائزہ بہت ضروری ہے۔

کشمیر میں آزادی کی تحریک گزشتہ دس برسوں سے جاری ہے۔ گو کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارت نے چھ سات لاکھ فوج بھیج رکھی ہے جو وہاں پر ظلم وستم کر رہی ہے۔ اس کے باوجود یہ تحریک پورے

زور و شور سے جاری ہے۔ بھارت کو کشمیریوں کی مزاحمت سے جو خفت اٹھانی پڑ رہی ہے وہ اسے مٹانے کے لئے پاکستان پر مداخلت کا الزام دہراتا رہتا ہے اور اسی طرح کے جھوٹے اور بے بنیاد الزامات کشمیریوں کو کچلنے اور ان پر مظالم کی بھارتی کارروائیوں پر کسی طرح بھی پردہ نہیں ڈال سکتے۔ پاکستان کشمیری عوام کو ان کی تحریک آزادی میں اخلاقی، سیاسی اور سفارتی امداد مہیا کر رہا ہے۔ یہ کشمیری مجاہدین ہی ہیں جو کشمیر کے اندر بھارت کے خلاف سینہ سپر ہیں۔ وہ دس ملین کشمیری عوام کا حصہ ہیں۔ جنہوں نے ایک دہائی سے زائد عرصہ پر محیط بھارتی ظلم وستم اور جبر و استبداد کے خلاف علم بغاوت بلند کر رکھا ہے۔

بھارتی الزامات کو رد کرنے کے لئے پاکستان مسلسل اس بات پر زور دے رہا ہے کہ لائن آف کنٹرول کے ساتھ غیر جانبدار فوج تعینات کی جائے اور اس کی نگرانی کے لئے اقوام متحدہ کے مبصرین کی تعداد میں مزید اضافہ کیا جائے۔ مگر بھارت پاکستان کی اس تجویز سے اتفاق نہیں کر رہا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بھارتی الزامات بالکل بودے اور حقیقت سے خالی ہیں۔ بھارت نے اس بات کا خود ہی اعتراف کیا ہے کہ لائن آف کنٹرول کے ساتھ اس نے ہزارہا فوجی تعینات کیئے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ بارودی سرنگیں بھی بچھائی گئی ہیں تو یہ کہنا کہ پاکستان کی طرف سے دخل اندازی ہو رہی ہے۔ اس سے بڑا جھوٹ اور کیا ہو سکتا ہے۔

بھارت کی کارروائیوں اور ان کی شدت سے پتہ چلتا ہے کہ کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی میں کس قدر جان ہے اور کشمیری حریت پسندوں کو کچلنے کے لئے بھارت کے ظلم کی پالیسی کس حد تک ناکام ہو چکی ہے۔ ۲۷ مئی کو کل جماعتی حریت کانفرنس جو کشمیری عوام کے حقیقی نمائندوں پر مشتمل ہے نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں بھارتی کارروائیوں کی شدید مزمت کی ہے اور اس کارروائی کو اس ننگی جارحیت میں اضافے کا نام دیا ہے جو بھارتی فوجی دستوں نے گزشتہ برسوں سے بے گناہ کشمیریوں کے خلاف روا رکھی ہے اور جس کے نتیجہ میں ساٹھ ہزار سے زائد کشمیری شہید ہو چکے ہیں۔ کل جماعتی حریت کانفرنس نے بھارتی حکومت پر کشمیری عوام کے خلاف دہشت گردی کی غیر انسانی اور بھیانک کارروائیاں کرنے کا الزام بھی عائد کیا ہے۔ پاکستان نے کشمیری عوام اور کشمیری مجاہدین کے ساتھ روا رکھی جانے والی اس ننگی جارحیت کی طرف عالمی برادری کی توجہ بارہا مبذول کرائی ہے۔ جب کبھی بھارتی اقدامات کے سلسلے میں لائن آف کنٹرول کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔ ہم نے جوابی کارروائی کرنے سے کبھی دریغ نہیں کیا۔ اس مرتبہ بھارتی کارروائیوں کی حد ہو گئی۔ بھارتی توپ خانے کا آزادانہ استعمال اور فضائی قوت کا استعمال نئی کشیدگی کا

باعث بنا ہے۔ یہ ایک خطرناک صورتحال ہے۔ پاکستان نے بھارت کو اس خطرناک کارروائی کے ممکنہ نتائج سے آگاہ کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین! اس وقت پاکستان اور بھارت دونوں ایٹمی قوتیں ہیں۔ انہیں اس طرح کی محاذ آرائی سے گریز کرنا چاہیئے۔ یہ بات دونوں کے مفاد میں ہے۔ ایٹمی قوت ہونے کے ناطے ہم پر بھاری ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ اگر ہم ان سے عہدہ برآ ہو سکتے ہیں تو بھارت کو بھی چاہیئے کہ وہ ان کا احساس کرے۔ حکومت کشمیر سمیت تمام تصفیہ طلب مسائل کے پائیدار حل کے لئے بھارت سے مذاکرات کرنے کی پالیسی پر کاربند ہے۔ مسئلہ کشمیر، خطے میں کشیدگی کا اصل سبب ہے۔ اب پوری عالمی برادری اس حقیقت سے روشناس ہو چکی ہے۔ جب سے دونوں ملکوں نے ایٹمی دھماکے کئے ہیں، یہ مسئلہ ایک نیوکلیئر flash point بن گیا ہے۔ بھارت کو چاہیئے کہ وہ کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دے۔ وہ اپنے مستقبل کے خود معمار ہیں، انہیں یہ آزادی ہونی چاہیئے۔ اس تصفیہ کے پرامن اور دیرپا حل کے لئے بھارت کا فرض ہے کہ وہ خطے میں امن و سلامتی کے لئے پاکستان سے تعاون کرے۔

اعلان لاہور سے یہ امید پیدا ہو چلی تھی کہ جنوبی ایشیا میں سلامتی کی فضاء کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ اعلان لاہور پاکستان اور بھارت دونوں سے اس امر کا تقاضا کرتا ہے کہ وہ کشمیر سمیت تمام مسائل کے حل کے لئے اپنی کوششیں تیز تر کر دیں۔ ہم خلوص نیت سے مذاکرات کے ذریعے اس مسئلہ کو حل کرنے کے آرزو مند ہیں۔

جناب چیئرمین! 24 مئی کو وزیراعظم واجپائی نے وزیراعظم پاکستان کو ٹیلیفون کیا۔ وزیراعظم پاکستان نے اعلان لاہور اور مذاکرات کے عمل مسلسل کاربند رہنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کشیدگی کے فوراً خاتمے کے لئے کہا اور یہ تجویز پیش کی کہ دونوں طرف کے ڈائریکٹر جنرل ملٹری آپریشنز آپس میں بات کریں۔ اس تجویز پر مثبت ردعمل ظاہر کرنے کی بجائے بھارت نے اپنی فضائی قوت کا مزید مظاہرہ کیا اور اس طرح کشیدگی کو مزید بڑھایا۔ 28 مئی کو جناب محمد نواز شریف صاحب نے ایک دفعہ پھر بھارتی وزیراعظم مسٹر واجپائی سے بات کی۔ انہوں نے پاکستان کی اس خواہش کا ایک مرتبہ پھر اعادہ کیا کہ لائن آف کنٹرول سے متعلق صورتحال کو ہاتھ سے نکلنے نہ دیا جائے اور انہیں بتایا کہ پاکستان اس موجودہ بحران کا ہرگز ذمہ دار نہیں ہے۔ وزیراعظم پاکستان نے کہا کہ انہیں افسوس ہے کہ لاہور سربراہی کانفرنس کے تین ماہ سے بھی کم عرصہ میں بھارت ایک ایسے طرز عمل پر اتر آیا ہے اور اس نے ایک ایسی صورتحال پیدا کر دی ہے جو خطرات سے بھرپور ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دے کر کہا کہ ہمیں کسی خطرناک

سمت کی طرف بڑھنے کی بجائے حالات کو کنٹرول کرنا چاہیئے۔ انہوں نے مجھے بھی نئی دہلی جانے کو کہا تا کہ میں بھارتی قیادت سے مذاکرات کر کے جاری کشیدگی کو ختم کرنے میں پیش رفت کر سکوں اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لئے راہ ہموار کر سکوں۔

اس سب کے باوجود بھارتی کارگل سیکٹر میں اپنی قوت بڑھا رہے ہیں اور کشمیری مجاہدین کے خلاف مہم جوئی میں مُصر نظر آتے ہیں۔ بھارت کا یہ طرز عمل علاقے میں نئی کشیدگیوں کو جنم دینے کا باعث بن سکتا ہے۔ ہم نے انہیں صاف صاف جتا دیا ہے کہ ہم ماضی کی طرح لائن آف کنٹرول کے ساتھ اپنے علاقے کا بھرپور دفاع کرنے کا مصمم ارادہ رکھتے ہیں۔ تاہم، ہم صبر و تحمل سے کام لیں گے۔ اگر بھارت نے لائن آف کنٹرول کی خلاف ورزی کی اور ہمارے علاقہ میں دخل اندازی کی تو ہم بھرپور ردعمل کا مظاہرہ کریں گے۔

بھارت کے جارحانہ اقدامات کے سبب کشیدگی میں اضافہ عالمی برادری کے لئے تشویش اور پریشانی کا باعث بنا ہے۔ ذرائع ابلاغ کے مطابق بھارت نے ہمارے وزیراعظم کی تجویز سے اتفاق کیا ہے کہ میرا دورہ ہو اور ہم نے آج یہ تجویز کیا ہے کہ یہ دورہ 7 جون، یعنی اگلی سوموار کو ہو سکتا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے ایک بیان میں اس کشیدگی پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور ضبط و احتیاط کے لئے کہا ہے۔ مزید برآں، انہوں نے تنازعہ کشمیر کے سیاسی حل کی اہمیت پر بھی زور دیا ہے۔ سیکرٹری جنرل کے اس بیان کا خیرمقدم کرتے ہوئے وزیراعظم پاکستان نے بھی ان کی توجہ بھارتی فوجی اقدامات کی طرف مبذول کرائی ہے ۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ بھارت نے کشمیر پر سلامتی کونسل کی قرارداد پر کاربند رہنے کا وعدہ کیا تھا لیکن اس نے بعد ازاں اس کی پاسداری نہ کی اور اس وقت بھی کشیدگی کی ذمہ داری بھارت پر ہی عائد ہوتی ہے۔ بھارت نے تنازعہ کشمیر کے حل کے لئے نہ صرف اقوام متحدہ کے کردار کو قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے بلکہ اس نے کسی تیسرے فریق کے ذریعے بھی اس کے حل کو یکسر مسترد کر دیا ہے حالانکہ کسی بھی مسئلہ کے حل کے لئے عالمی ثالثی ہی ایک مسلمہ طریقہ کار ہے جسے قبول کرنے میں کسی قسم کی ہچکچاہٹ نہیں ہونی چاہیے۔

وزیراعظم پاکستان نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کو کشیدگی کے خاتمہ کے لئے اپنی اس خواہش سے بھی آگاہ کیا ہے اور یہ تجویز پیش کی ہے کہ سیکرٹری جنرل خود بھی ایک اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اقوام متحدہ کے مبصرین کی تعداد میں اضافہ کر دیا جائے، اور علاقے میں حالات کا جائزہ لینے کے لیے ایک خصوصی نمائندہ بھیجا جائے۔

سیکریٹری جنرل U.N.O نے ۲۹ مئی کو وزیراعظم پاکستان سے بات کی اور انہوں نے وزیر اعظم کی پہل اور پیشکش کو سراہا کہ کشیدگی ختم کرنے کے لیے میں خود دہلی جاؤں اور وہاں وزیر خارجہ سے ملاقات کروں۔

وزیر اعظم نے سیکریٹری جنرل OIC کو بھی ایک مراسلہ ارسال کیا ہے جس میں ان کی توجہ حالیہ کشیدگی کی طرف مبذول کرائی گئی ہے۔ OIC نے ہمیشہ کشمیر cause کی حمایت کی ہے اور وہ کشمیریوں کے حق خود ارادیت کی بھرپور تائید کرتا ہے۔ OIC نے بارہا اپنی قراردادوں کے ذریعے کشمیر تنازعہ کو سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کرنے پر زور دیا ہے۔

جناب چیئرمین! یہ صورت حال ہے جس میں میرا دہلی کا دورہ انشاء اللہ اگلے ہفتے سوموار سات جون کو ہو گا اور اس حوالے سے ممبران سینٹ کی کل تفصیلی بریفنگ بھی کی گئی تھی تا کہ ان کو صورت حال سے آگاہی ہو اور ساتھ ہی میں ایک Resolution آج پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں تا کہ اس ایوان کی پوری حمایت اس عمل کو حاصل ہو۔

جناب چیئرمین: کیا Resolution ہے جی۔ جی قرارداد پیش کر دیں۔

جناب سرتاج عزیز: میں ویسے اس کو پڑھنا شروع کر دوں؟

Mr. Chairman : Do you have the correct copy ?

Mr. Sartaj Aziz : Not the corrected copy but I can read it with amendments which have been agreed upon.

Mr. Chairman : No, No. let us have the correct copy.

Mr. Sartaj Aziz : OK Sir.

(pause)

RESOLUTION VIOLATION OF THE LINE OF CONTROL IN KASHMIR BY INDIA.

Mr. Sartaj Aziz : Mr. Chairman, I beg to move a Resolution on the

escalation of violation of the Line of Control in Kashmir by India and I read the Resolution.

The Senate of Pakistan expressing concern over the serious violation of the Line of Control by India, noting with alarm the heavy deployment of Indian troops, use of artillery and air power in the Kargil Sector, condemning the unprovoked shelling, recketing and air intrusion of territory and air space control by Pakistan across the Line of Control in which many civilians have been killed and property damaged, deploring the unprecedented brutal use of force and repression against the people of Kashmir who are engaged in a just struggle for their right of self-determination, reiterating Pakistan's continued political, moral anddiplomatic support to the heroic struggle of the Kashmiri people, emphasising Pakistan's commitment to the promotion of peace and security in the region, expresses it,s resolve to up hold the sovereignty, security and territorial integrity of the country. Emphasises that the people of Pakistan are united at this time of trial.

Mr. Chairman: This threat.

جناب سرتاج عزیز- میں نے this ہی کہا ہے- Sir. I said this-

declares the determination of the nation to face the challange before it, endorses unanimously the Government,s response to India violation of the LOC, and incurrions by its military aircraft. Expresses full confidence in the Armed Forces to meet all challenges faced by the country, resolves that no effort should be spared to deal with the situation in an appropriate manner, supports the proposed visit of the Foreign Minister to New Dehli for defusing thc situation, reaffirms Pakistan's commitment to the dialogue process to resolve all outstanding disputes to promote peace and security in the region, undersecores the need for a just and final

settlement in the light of UN resolution of the Jumu and Kashmir dispute which is centeral to durable peace and security in the region.

جناب چیئرمین۔ جی اعتزاز صاحب۔

Ch. Aitzaz Ahsan: Mr. Chairman, I will take a very short duration to make my submission today. I think the intent of the House is primarily, to show through this resolution to the world and particularly, to our neighbour India that in the face of any threat of external aggression the Nation is united. Mr. Chairman, we stand in this hour of trial with our Armed Forces, means we may have differences amongst ourselves, very fundamental differences indeed but when faced with the Indian threat we are nothing but like one man. We were briefed on the Kargil situation and we stand committed, I think on both sides of the House but certainly those of us on this side and we made our views on that note. We stand committed to the United Nation,s resolution and to the spirit and letter of the "Simla Accord" which was duly endorsed in the Lahore declaration.

Mr. Chairman: Please, no point of order

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ ابھی نماز قضا ہو رہی ہے۔

جناب چیئرمین۔ ابھی نماز نہیں ہوئی۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ اذان ہو گئی ہے مائیک کو بند کیا گیا ہے۔

Ch. Aitzaz Ahsan: I just take two three minutes to say.

جناب چیئرمین۔ نہیں ہوئی ناں نہیں ہوئی۔ جب ہو گی تو پتا چل جائے گا۔ ویسے آپ کو اجازت ہے اگر آپ نماز پڑھنا چاہیں تو کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔

Ch. Aitzaz Ahsan: I don't know, why at the moment when we want to show that we are united in the face of Indian aggression and intrusion, we should

be showing that we are not united on the " Aazan" and its timing. I wish Dr. Sahib if you want to go and say your prayer, if Aazan has been sounded, please, go and do that, that is what your duty is.

Mr. Chairman, we want peace , we want a settlement of all disputes through dialogue and peaceful means. We eschew war, we believe in peace. Mr. Chairman, we want peace for the sake of progress and prosperity of our people and of our children. We do not want to get into the arms race, nuclear or conventional. We want to feed, to clothe, to house and to educate our people. We do not want to hold more than one billion people of South Asia. We want the great civilization of Indus and India to coexist in peace. But our predilection and preference for peace must not be taken as weakness. Our internal differences must not be taken as disagreement in the face of Indian aggression or intrusion. The present situation may have revealed weaknesses in the spirit and the euphoria that accompanied the Lahore Declaration. It may also reveal some misadventure of our foreign policy but then, this is not the day for division, for dispute, for debate, for controversy. When the Foreign Minister lands in New Dehli, Mr. Chairman, he should be assured that he carries with him our hopes for peace and the success of the dialogue process envisaged in Simla which was the basis of Lahore Declaration, hence our support to this resolution.

Mr. Chairman: Mr. Muhammad Ajmal Khattak Sahib.

جناب محمد اجمل خان خٹک۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے تو اس قرارداد کی مکمل تائید کرتا ہوں۔

(اس مرحلے پر اذان کی آواز سنائی دی)

Mr. Chairman: The House is adjourned for ten minutes for Maghrib

prayers.

(The House was then adjourned for Maghrib prayers).

[The House reassembled at 7.57 p.m. after Maghrib Prayers with Mr. Chairman (Mr.Wasim Sajjad) in the Chair.]

....

جناب چیئرمین : جناب اجمل خٹک صاحب۔ آپ تقریر فرما رہے تھے۔

جناب محمد اجمل خان خٹک : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ' جناب چیئرمین' وزیر خارجہ سرتاج عزیز صاحب نے سینٹ کے سامنے جو قرارداد پیش کی ہے ہم اس کی مکمل تائید کرتے ہیں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب محمد اجمل خان خٹک : اس کے بعد اپوزیشن لیڈر نے جو کچھ کہا اس کی بھی تائید کرتے ہیں۔ خصوصاً اپوزیشن لیڈر کی تقریر پر اس لئے خوش ہیں کہ انہوں نے اپنے تلخ حلق سے' بڑی میٹھی میٹھی باتیں نکالیں ہیں۔ ملک کو اس کی ضرورت ہے۔ مجھے زیادہ خوشی اس بات پر ہوئی کہ اس قرارداد میں بھی کہا گیا ہے اور محسوس بھی یہ ہو رہا ہے کہ قوم ان حالات میں جبکہ تجاوز ہوا ہے ' اس میں قوم مکمل طور پر متحد اور متفق ہے۔ میں اس قرارداد کی تائید کرتے ہوئے آپ سے چند منٹ لینا چاہوں گا۔

پہلی بات یہ ہے کہ جنگ کسی طرح بھی مسائل کا حل نہیں ہوتی۔ آج جب ہمارے یہاں دونوں ممالک کے پاس ایٹم بم موجود ہے تو ایسے میں صرف جنگ کشمیر کے مسئلے کا حل نہیں جو وجہ تنازعہ ہے۔ علاقے کے مسائل کا حل نہیں۔ دونوں ممالک کے مسائل کا حل نہیں جبکہ ایٹم بم دونوں کے پاس موجود ہے اور جنگ کا خطرہ بھی ہے جو انسانیت کے لئے بھی خطرناک ہو سکتا ہے۔ اس لئے جنگ آج کے حالات میں انسانی عمل نہیں ' شیطانی عمل ہے۔ جیسے میں نے کہا کہ وجہ کشمیر ہے۔ ساتھ یہ بھی کہوں کہ کشمیر کا مسئلہ ہمیں آزادی کے وقت سے ایسا ملا ہے اور پھر اس دوران اتنا الجھاؤ ہوا ہے ' اتنا اشتعال موجود ہے' جذبات اتنے برانگیختہ ہیں کہ اس کا حل جنگ کے ذریعے نہیں ہو سکتا۔ جنگ سے تباہی آئے گی۔ اس کا حل بات چیت کے ذریعے سیاسی طور طریقوں سے ہونا چاہیئے۔ اس سلسلے میں صرف میں نہیں کہتا دونوں

ممالک میں یہ محسوس ہوتا رہا ہے کہ بات چیت ہو' اس سلسلے میں سب سے پہلے شملہ معاہدہ ہوا جس کو ہم حل کی جانب بنیاد سمجھتے ہیں اگر اس پر عمل ہو جاتا تو اچھا ہوتا۔

اس کے بعد ' میں تقریر کو طول نہیں دینا چاہتا۔ حالیہ دنوں میں پاکستان کی طرف سے جو بات چیت کی کوششیں شروع ہوئی ہیں۔ اسی دوران واجپائی پاکستان آئے اور یہاں لاہور declaration ہوا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ بھی ایک اچھی مفید اور مثبت پیش رفت ہے۔ اس کے ساتھ جب یہ جنگ یہ تنازعہ یا یہ جھڑپیں شروع ہوئیں تو پاکستان کے وزیراعظم نے ضرورت محسوس کی' جس کی ہم تائید کرتے ہیں کہ بات چیت ہو اور اس کے لئے انہوں نے ٹیلیفون بھی کیا۔ اس سے ہم سمجھتے ہیں کہ دونوں طرف ایک سطح پر بات چیت کے تقاضے محسوس ہو رہے ہیں۔ عوام میں تو دونوں طرف اس سے بھی زیادہ امن کی ضرورت ہے کیونکہ عوام نے جنگ آزادی اس لئے نہیں لڑی تھی کہ وہ اس حالت پر پہنچیں جو آج دونوں ممالک کے عوام کی ہے۔ دونوں ممالک کی حکومتوں کا فرض بھی ہے اور ان کو احساس بھی ہونا چاہیئے کہ آزادی کا پھل اپنے عوام تک پہنچائیں ۔ تو ایک حد تک اوپر کی سطح پر میں اس وقت بدگمانی میں نہیں جانا چاہتا ایک رجحان ہے ۔ بہت کچھ کہا جا سکتا ہے لیکن ہم مثبت پہلو کو دیکھنا ضروری سمجھتے ہیں ۔ تو اس سلسلے میں جو پیش رفت ہو رہی ہے وہ امن کی جانب ہے۔ لیکن اس سے بھی انکار نہیں کہ حالات بہت نازک ہیں۔ اس لئے ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ مصالحت کی کوششیں' بات چیت کی کوششیں تیز تر ہوں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں سرتاج عزیز کے دہلی جانے کے ارادے کی پرزور تائید کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی خدائے نور صاحب۔

جناب محمد اجمل خان خٹک: جناب ! میں ابھی بات کر رہا ہوں۔ جناب مقصد یہ ہے کہ جنگ نہیں ہونی چاہیئے لیکن جنگ کے شعلے بھڑکنے سے پہلے ' جنگ کی چنگاری بھڑکنے سے پہلے اس پر پانی ڈالنا چاہیئے۔ اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے وزیر اعظم نواز شریف کی کوششوں کے نتیجے میں ہمارے وزیرخارجہ وہاں چلے جائیں۔ ہمیں یہ بھی اندازہ ہے کہ نہ صرف سینٹ اور پارلیمنٹ بلکہ قوم میں اتحاد اور اتفاق کا جذبہ اور دفاع کا ایمانی جذبہ موجود ہے۔ مگر جناب چیئرمین صاحب ! دفاع سے پہلے' جنگ کے شعلے بھڑکنے سے پہلے ان شعلوں کو ٹھنڈا کرنا چاہیئے۔ کیونکہ جب آگ بھڑک اٹھے تو پھر کس طرف بھڑکتی ہے اس کا کوئی اندازہ نہیں لگا سکتا۔ میں ایک بار پھر کہوں گا کہ ہمارے وزیر خارجہ صاحب وہاں جائیں اور خدا کرے کہ وہ وہاں سے کامیاب آئیں۔

ایک اہم ترین بات جو میں نے آج ضرور کہنی ہے وہ یہ ہے کہ بات چیت کی میز ہو یا میدان جنگ ، دونوں کے لئے قومی اتحاد کی ضرورت ہوتی ہے۔دونوں صورتوں میں قوم ساتھ ہو، قوم کا اعتماد ہو تو کامیابی یقینی ہے۔ اس لئے مجھے حضرت جوش کا ایک شعر یاد آیا

اٹھو ! کہ گھوم رہے ہیں خزاں کے ہرکارے

چمن بچاؤ غم آشیاں کی فکر نہیں

غم آشیاں کا وقت نہیں۔ یہ میں نے سب سے کہا ہے۔ اپنے عوام سے بھی کہا ہے ' خود سے بھی کہا ہے اور حکومت سے بھی کہتا ہوں کہ آج حکومت بچانے کا وقت نہیں ہے بلکہ ملک بچانے کا وقت ہے۔ اس لئے میں نے کہا کہ

اٹھو کہ گھوم رہے ہیں خزاں کے ہرکارے

اور ملک قومی اعتماد کے ساتھ ہی بچ سکتا ہے۔جناب چیئرمین ! میں ایک بار پھر کہوں گا کہ سینٹ میں مجھے یقین ہے کہ یہ resolution اتفاق رائے سے پاس ہو جائے گی۔ قومی اسمبلی سے بھی پاس ہو گی اگر پیش ہوئی تو۔ عوام بھی اس کی تائید کریں گے۔ مگر ایک بات ضرور ہے۔ کہ جو احساس قوم میں موجود ہے' جو خطرہ قوم نے محسوس کیا ہے' خدا کرے کہ حکومت بھی وہ خطرہ صحیح معنوں میں محسوس کرے۔ آج اس کا وقت نہیں ہے کہ کون کیا ہے؟ کل کون کیا تھا؟ کس جماعت سے تعلق رکھتا ہے؟ کس عقیدے کا ہے؟ کس مسلک کا ہے؟ کل اس کے ساتھ ہمارے تعلقات کیا تھے؟ آج حکومت کے بچانے کا وقت نہیں ہے' کسی پارٹی کے منشور کو بچانے کا وقت نہیں ہے' مسلک اور فرقہ کے بچانے کا وقت نہیں ہے' آج ملک کے بچانے کا وقت ہے۔ اس لئے ہم سب کو ملک کے بچانے کے لئے متحد ہونا چاہیے اور اس کے لئے جیسے ہمارا قاعدہ ہے کہ اگر ہم خلوص کے ساتھ' جیسے آج آپ نے دیکھا کہ تمام پارٹیاں موجود تھیں۔ کس طرح سے انہوں نے مل کر اس قرارداد کی نوک پلک ٹھیک کی۔ میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اگر ہماری حکومت بھی آج کی نزاکت کو محسوس کرے ' نوشتہ دیوار کو سمجھ جائے ' پڑھے نہیں ' تو کوئی وجہ نہیں کہ قوم سیسہ پلائی ہوئی دیوار نہیں بلکہ فولاد کا ہمالیہ بن کر اس وقت کھڑی نہ ہو جائے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں ' جیسے اپوزیشن لیڈر نے تلخ حلق سے میٹھی باتیں کیں۔ پوری قوم تمام نزاکتوں کے باوجود اس مرحلے پر ساتھ ہے' مگر خدا کرے کہ حکومت بھی اس کو سمجھے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں آخر میں یہ کہوں گا کہ اگر بات چیت سے مسئلہ خدا کرے کہ حل ہو ، نہیں تو قوم میں جرنیل صاحب سے لے کر میرے بوڑھے خدمت گار ڈیرہ خوشحال تک سب ایک ہی میدان میں اپنے دفاع کے لئے کھڑے رہیں گے شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی جناب خدائے نور صاحب، کیونکہ unanimous resolution ہے، بس مختصر بات کریں۔ سب کو وقت ملے گا لیکن مہربانی کر کے formal بات کریں۔

جناب خدائے نور: جناب چیئرمین! صاحب شکریہ۔ میں اپنی جانب سے، اپنی جمہوری وطن پارٹی کے سینیٹر صاحبان کی طرف سے سرتاج عزیز صاحب کی اس قرار داد جو آج انہوں نے اس ایوان میں پیش کی، اس کی حمایت کے ساتھ ساتھ ان کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ ایسی حالت میں ملک اورقوم کے لئے جمہوری وطن پارٹی ہر وقت ان کے شانہ بشانہ رہے گی۔ اس سے پہلے بھی قوم نے ہمیشہ 1971-72 میں جب شملہ معاہدہ ہو رہا تھا، اس وقت بھی قوم نے یکجہتی کا مظاہرہ کیا اور بھٹو صاحب سے اختلافات ہونے کے باوجود، جیسے آج اجمل صاحب نے یہ کہا کہ تلخ حلق سے میٹھی باتیں نکلی ہیں۔ وہ تلخی اپنی جگہ پر ہے، وہ ہوتی رہے گی لیکن ایسی حالت میں جب ملک کو ایسے کچھ خطرات درپیش ہوں تو وہ تلخی پھرکوئی معنی نہیں رکھتی۔ میں اجمل صاحب کی اسی بات کو آگے بڑھاتا ہوں۔ ہم نے شروع میں بھی، ایک چیز ہو چکی ہے، لیکن میں اپنی اس بات کو دہراؤں گا کہ جب ہم ایٹم بم بنا رہے تھے یا جب ہندوستان نے ایٹم بم بنایا تو اس وقت بھی میں نے کہا تھا کہ ہم دونوں ممالک اس کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ دونوں غریب ملک ہیں لیکن چونکہ یہ بن چکا ہے، بننے کے بعد ہم نے ان کی حمایت کی، ہم نے اس کی مخالفت نہیں کی۔ لیکن جیسا کہ اجمل صاحب نے کہا مسائل جو ہیں وہ جنگوں سے حل نہیں ہوا کرتے، ہم نے تین جنگیں لڑیں ہندوستان کے ساتھ۔ اگر تین جنگوں سے مسائل حل ہوتے تو شاید آج کوئی مسئلہ ہی نہ ہوتا، آج شاید اس قرار داد کی ضرورت نہ ہوتی، آج لاہور میں جو کچھ ہوا، اس کی ضرورت نہ ہوتی لیکن جناب مسائل جنگوں سے حل نہیں ہوا کرتے۔ ہم جنگ کے خلاف ہیں۔ یہاں غربت ہے۔ بجائے اس کے کہ ہم جنگ کی طرف جائیں، ہمیں چاہیئے کہ ہم غریبوں کی طرف دیکھیں، عوام کی طرف توجہ دیں لیکن اگر کوئی مست ہاتھی، چاہے کسی طرف سے بھی آئے اور وہ ہمیں روندنے کی کوشش کرے تو ہمیں اس کا سد باب بھی کرنا ہوگا اور ہمیں اس کا مقابلہ بھی کرنا ہو گا۔

جناب! جب انڈیا کے parliamentarians آئے تھے تو ان کی موجودگی میں بھی میں نے یہی بات کی تھی کہ اگر تم بم نہ بناتے تو شاید پاکستان بھی یہ دھماکہ نہ کرتا۔ تم نے یہ حرکت کی تو پاکستان کو بھی یہ چیز کرنا پڑی۔ آج بھی میں یہ کہتا ہوں۔ جیسے کہ اجمل صاحب نے کہا کہ وہاں پر بھی ایسے ہی لوگ ہیں جو امن چاہتے ہیں، امن سے رہنا چاہتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ ایسے لوگ بھی ہیں جیسے

ان کا ایک بال ٹھاکرے ہے۔ میں نے ان کے parliamentarians کے سامنے بھی یہ بات کی کہ اگر آپ کے ہاں وہ بال ٹھاکرے ہے اور وہ یہ چاہتا ہے کہ میں لاہور میں lunch کروں گا یا لاہور کو فتح کروں گا تو میں نے کہا کہ آپ یہ بھی اپنے ذہن میں رکھیں کہ ہمارے ہاں بھی بال ٹھاکرے جیسے لوگ موجود ہیں۔ لال قلعے پر جھنڈا گاڑنے کے لیے یہاں پر بھی ایسے ہی لوگ ہیں' جو کہ اس زمانے میں ناممکن ہے' ان حالات میں ناممکن ہے کہ ہم ایک دوسرے کے علاقے کو فتح کریں۔ وہ بہت پہلے کی باتیں ہوا کرتی تھیں۔

جناب! میں آخر میں ایک بار پھر اس قرارداد کی مکمل حمایت کرتا ہوں اور سرتاج عزیز صاحب کو اور گورنمنٹ آف پاکستان کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ اگر خدا نخواستہ' خدا نخواستہ ملک پر کوئی ایسا وقت آتا ہے تو ہم انشاء اللہ' انشاء اللہ ان کے شانہ بشانہ آگے ہونگے اور پیچھے نہیں رہیں گے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔ مولانا فضل محمد صاحب۔

حافظ فضل محمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب عالی! یہ قرارداد جو آج آپ کے سامنے ہے' اس کے پیچھے یقیناً پوری قوم کا ایک جذبہ ہے۔ یہ پوری قوم کی ترجمانی ہے۔ جناب چیئرمین! مجھے آپ کی توجہ چاہیے۔ پتہ نہیں آپ کی توجہ کہاں ہے۔ مجھے غالب کا ایک شعر یاد آ رہا ہے کہ

ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار

یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے۔

جناب چیئرمین: ماجرا میں بتاتا ہوں کہ کیا ہے۔ ماجرا یہ ہے کہ آج ایک اور اہم معاملہ بھی آنے والا ہے۔ کوٹے والا۔

حافظ فضل محمد: وہ حکومت کی ذمہ داری ہے آپ کی نہیں۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں وہ بھی آپ کا مسئلہ ہے' کوٹہ والا مسئلہ۔ اس لیے میں چاہتا ہوں کہ آپ مختصر کریں۔

حافظ فضل محمد: مختصر کرتا ہوں' آپ موقع تو دیں۔

جناب چیئرمین: جی فرمائیے۔

حافظ فضل محمد: جناب عالی! یہ پوری دنیا کو علم ہے کہ پاکستان ہمیشہ سے' پچاس سال سے ہندوستان کے ساتھ ہمیشہ دفاع کی پوزیشن میں رہا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ ان کو مذاکرات کی دعوت دی

ہے کہ آیئے ہم دلائل سے، بصیرت سے، گفتگو سے ایک دوسرے کو سمجھنے اور سمجھانے سے اس گھمبیر مسئلے کو حل کریں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ ہر دانش ور، ہر عقلمند، ہر فلاسفر، ہر پروفیسر، ہر داناہ اور عاقل یہ جانتا ہے کہ کشمیر کا مسئلہ دونوں کے لئے تباہی کا سبب ہے اور اگر کشمیر کی جنگ لڑی جائے تو کسی ایک کے لئے بھی فائدہ مند نہیں لیکن ہاں یہ ایک اٹل، فطری بات ہے، کائنات کی حقیقت ہے کہ اگر انسان کے اندر، یہ پانچ چھ فٹ کے جسم کے اندر اگر دفاع کا نظام موجود نہ ہو تو یہ جسم زندہ نہیں رہ سکتا ہے۔ جناب عالی! پاکستان نے جو کچھ کیا ہے اس میدان میں اگر ایٹم بم تک اسلحے کی دوڑ میں پہنچا ہے اس میں بنیادی طور پر کردار انڈیا کا ہے کیونکہ انڈیا کا رویہ پچاس سال سے ہمیشہ یہ رہا ہے کہ انہوں نے پاکستان کے وجود کو ہی برداشت نہیں کیا ہے۔ وہ ہمیشہ اس طاق میں رہتے ہیں، ہمیشہ اس انتظار میں رہتے ہیں کہ کب وہ موقع آ جائے گا کہ ہم پاکستان کو ہضم کر لیں گے، پاکستان کو ہڑپ کر لیں گے اور پاکستان کو نیست نابود کر دیں گے، پاکستان کو ہضم کر لیں گے۔ جناب عالی! اسی وجہ سے یقیناً، پاکستان کے حوالے سے، پاکستان کے دفاعی نقطہ نظر سے ہمیشہ ہم نے یہی کہا ہے کہ پاکستان جو کچھ بھی دفاع کے حوالے سے کر رہا ہے وہ اپنے وجود کو برقرار رکھنے کے لئے کر رہا ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی point of order کیا ہے جناب۔

Mr. Muhammad Akram Zaki: Sir, I draw your kind attention to Rule 209.

جناب چیئرمین۔ جی، جی۔

Mr. Muhammad Akram Zaki: And I will read it with your permission, "At any time after a motion has been made, any member may move "That the question be now put" and , unless it appears to the Chairman that the motion is an abuse of these rules or an infringement of the right of reasonable debate, the Chairman shall put the motion , "That the question be put now." and the debate is no longer necessary sir. This can be done during the.............

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ چلیں مولانا صاحب ختم کر لیں پھر بات کرتے ہیں۔

حافظ فضل محمد۔ جناب عالی! بس میں ایک دو منٹ۔

جناب چیئر مین۔ جی فرمائیے۔

حافظ فضل محمد۔ جناب عالی! ہماری ایک ضرورت ہے ' ہماری مجبوری ہے کیا کوئی بھی دنیا جہاں میں کوئی بھی ایسا دانش ور ہے جو کہ ہمیں یہ ضمانت دے کہ ہم اپنے پورے اسلحے سے دفاع سے ' فوج سے ' اپنے ساز و سامان سے دست بردار ہو جائیں اور انڈیا ہمیں ہضم نہیں کرے گا۔ جناب عالی! آپ پوری دنیاکے حوالے سے دیکھ رہے ہیں کہ کہیں بھی جب تک آپ کے پاس اپنی حفاظت کے لئے قوت نہ ہو ' دفاع کے حوالے سے آپ مضبوط نہ ہوں تو پھر اس کا انجام ویت نام میں آپ نے دیکھ لیا۔ امریکہ سامراج وہاں سے آ کر اندر داخل ہو گیا۔ افغانستان میں داخل ہو گیا۔ آپ نے عراق کو دیکھ لیا کہ فوج نے کویت پر راتوں رات حملہ کر کے ' آدھے گھنٹے میں ان کو ہضم کر لیا۔ پھر اگر آپ کے اپنے وجود کے دفاع کے لئے نظام نہ ہو تو پھر دنیا میں اصول یہ ہوں گے کہ جو بھی طاقتور ہے ضعیف کو ہضم کرنے کے لئے ان کو جواز فراہم ہے کیونکہ پھر دنیا میں یہ اصول ہے کہ

ہے جرم ضعیفی کی سزا مرگ مفاجات

جناب چیئر مین۔ چلیں جی۔ اب House کی خواہش یہ ہے کہ motion put کیا جائے۔ چلیں جی حئی صاحب مختصر۔ اب دیکھتے ہیں۔ اب آپ کا کمال دیکھتے ہیں کہ کتنے اختصار سے بات کرتے ہیں۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ ٹھیک ہے۔

جناب چیئر مین۔ چلیں حئی صاحب ' Hayee Sahib will set the standard چلیں جی let us see۔ دیکھیں ناں پہلے پارٹی کی representation ہو گئی ہے۔ اب دیکھتے ہیں کہ حئی صاحب کتنا کمال کرتے ہیں۔Let us all see چلیں دیکھتے ہیں جی' let us see۔ چلیں جی۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب چیئرمین صاحب! اپنی طرف سے اور اپنی جماعت کی طرف سے 'بلوچستان نیشنل موومنٹ کی طرف سے قرار داد کی حمایت کرتے ہوئے۔ یہ ضرور عرض کروں گا کہ آج ساری دنیا میں امن کی ضرورت ہے اور یہ دو بڑے ممالک ہیں پاکستان اور انڈیا ' ان کے درمیان بھی امن کی ضرورت ہے۔ اس خطے کی سب سے اہم ترین ضرورت ہے اور دونوں ممالک کی جو ایک ارب سے زیادہ آبادی ہے ان کو بھی امن کی ضرورت ہے اور یہ جو مشکلات دونوں ممالک کو درپیش ہیں غربت' بیروز گاری' مہنگائی

اور بلوں کے multi rate ' ان کی آدھی سے زیادہ آبادی جو ہے ایک مشکل زندگی گزار رہی ہے۔ سب کو امن کی ضرورت ہے اس لئے ہم اس قرار داد کی حمایت کر رہے ہیں اور ساتھ یہ بھی عرض کرتے ہیں کہ ہماری جماعت بلوچستان نیشنل موومنٹ ' Simla Accord اور Lahore Declaration کی ہم پرزور حمایت کرتے ہیں اور اس کو ایک راستہ سمجھتے ہیں ان مشکلات کو حل کرنے کا اور اس کے ساتھ ساتھ ایک بات ضرور عرض کریں گے کہ ملک کے جو چودہ کروڑ عوام ہیں وہ سب سے زیادہ ملک کا دفاع کر سکتے ہیں ہمیں ان کی ساتھ بھی انصاف کرنا چاہیئے جو اب تک نہیں ہو رہا ہے اور یہ جب ہم بیرونی طور پر محاذ آرائی ختم کرنے کے حق میں ہیں تو ہمیں اندرونی طور پر بھی محاذ آرائی ختم کرنی چاہیئے ceasefire سیاسی مخالفین کے خلاف ' پریس کے خلاف ' عدلیہ کے خلاف اور جو ملک کے اصل مسائل ہیں جن میں مہنگائی ہے بیروزگاری ہے ' ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا مسئلہ ہے----------

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ یہ تو لمبے مسئلے ہیں۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔ امن کا مسئلہ ہے ' دہشت گردی کا خاتمہ ہے ' فرقہ واریت کا خاتمہ ہے اور اصولی طور پر ' حقیقی معنوں میں وفاقی پارلیمانی نظام کا مسئلہ ہے ' مکمل صوبائی خودمختاری کا مسئلہ ہے ' ان تمام مسائل کو حکومت address کرے اور یہ ثابت کرے کہ حکومت اندرونی محاذ پر بھی چاہتی ہے کہ ملک کے عوام متحد ہو کر ملک کے دفاع کے لئے تیار ہوں۔ اس کے علاوہ اور کوئی راستہ نہیں ہے۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین ۔ اب دیکھتے ہیں تمغہ اختصار کس کو ملتا ہے۔ حبیب جالب صاحب۔

جناب حبیب جالب بلوچ ۔ جناب چیئرمین ! میں اپنی اور اپنی پارٹی کی جانب سے اس قرارداد کی بھرپور حمایت کرتا ہوں ۔ central ideas اس قرارداد میں یہ ہیں کہ ہم امن ' علاقائی tension اور escalation of war کے خلاف ہیں چونکہ دونوں ممالک ایٹمی طاقت بن گئے ہیں ۔ یہ عالم انسانیت کے خلاف ایک بہت بڑا جرم ہوگا کہ اس علاقے میں tension قائم ہو اور جنگ کی فضا پیدا کی جائے کیونکہ اس سے پہلے بھی chauvinist Hindu, fascist قوتیں ایٹمی ہتھیاروں اور میزائلوں کی دوڑ کی واحد ذمہ دار ہیں۔ انہوں نے ہمیں بھی اس حد تک اشتعال دلایا کہ ہم نے بھی ان کو follow کیا ۔ اب بھی جو کنٹرول لائن کی خلاف ورزی ہو رہی ہے دراصل ہندوستان کے اندر جمہوری قوتوں پر militarist قوتوں کی

برتری بڑھ رہی ہے۔ اس سے وہ بجٹ سے پہلے جواز پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ ہم نے دیکھا ہے کہ جب بھی بجٹ بن رہا ہوتا ہے تو علاقائی tension پیدا ہو جاتی ہے، سرحدی خلاف ورزیاں ہوتی ہیں۔ ہندوستان کی اکانومی کو militarize کرنے کے لئے اور پاکستان کو بھی مجبور کرنے کے لئے کہ وہ اپنے بجٹ کا زیادہ سے زیادہ حصہ دفاع پر خرچ کرے تاکہ ان کی اقتصادی ابتری پیدا ہو اور سیاسی بے چینی پیدا ہو۔

جناب چیئرمین۔ صرف اتنے الفاظ کافی ہیں کہ اپنی جانب سے میں نے سارا دیکھا ہے، ڈسکس کیا ہے، میں مکمل حمایت کرتا ہوں۔ اتنی بات ہوتی ہے یہ تو unanimous resolution ہے۔

جناب حبیب جالب بلوچ۔ جناب والا! میں اسی طرف آ رہا ہوں۔ کسی ملک کے دفاع کا دارومدار اس پر ہے کہ اس کا اندرونی استحکام کس حد تک بڑھتا ہے۔ وہ اپنی حکومتی approach سے بڑھ کر national approach یا ملک گیر approach کو اپناتا ہے۔ یہ قرارداد ان انتہا پسند قوتوں کے منہ پر بھی طمانچہ ہے جو غداری کے فتوے جاری کرتے ہوئے نہیں تھکتے کیونکہ آج کی قرارداد نے یہ ثابت کر دیا کہ تمام قوتیں foreign aggression کے خلاف متحد ہو گئی ہیں۔ وہ قوتیں جو سرٹیفکیٹ جاری کرتی ہیں وہ اس طرح بھاگیں گی جس طرح جنرل ٹکا خان بنگلہ دیش سے بھاگ کر آئے تھے۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ۔ آفتاب احمد شیخ صاحب۔

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Mr. Chairman, I have been associated in the process of finalization of this resolution.

Mr. Chairman: Your association has been unflinching.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Yes, you are right. I give my total support on my behalf, on behalf of my party and Mr. Chairman, you must have seen the statement of my chief which has already appeared in the press. He has given unconditional support to the government for all its moves in this direction. So, we support this resolution totally, unconditionally.

Mr. Chairman: Thank you. Yes Mr. Tahir Bejenjo Sahib.

جناب محمد طاہر بزنجو۔ شکریہ جناب چیئرمین! ہم اپنی بلوچستان نیشنل پارٹی کی طرف سے

اس قرار داد کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور سچ یہ ہے کہ یہ قرارداد چاروں صوبوں کے عوام کے جذبات کی ترجمانی کرتی ہے۔ ہندوستان اور پاکستان ایک دوسرے کے ہمسائے ہیں۔ نہ صرف ہمسائے ہیں بلکہ ہندوستان اور پاکستان کے عوام صدیوں سے تاریخی ' خونی اور تہذیبی رشتوں میں بھی منسلک ہیں۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اچھے تعلقات کی صورت میں دونوں ممالک کے عوام فائدے میں رہیں گے۔ ہندوستان کو بجائے لڑنے کے کشمیری عوام کو یہ حق دینا چاہیئے کہ وہ کیا چاہتے ہیں۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

جناب محمد طاہر بزنجو : اور یہ کہ کشمیر کا مسئلہ اقوام متحدہ کی قراردادوں' شملہ معاہدے اور اعلان لاہور کی روشنی میں حل کرنا چاہیئے۔ شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین : حاجی عبدالرحمن صاحب۔

حاجی عبدالرحمن : جناب چیئرمین ! میں پورے پاکستانی عوام' چاروں صوبوں اور خاص کر قبائل کی طرف سے اس قرارداد کی مکمل حمایت کرتا ہوں۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

حاجی عبدالرحمن : اور جیسے ہمارے آباؤ اجداد نے کشمیر میں اور پاکستان کی سالمیت کے لئے جو قربانیاں دی ہیں ہم صرف ہندوستان کو نہیں بلکہ پوری دنیا کو یہ چیلنج کرتے ہیں کہ جو بھی پاکستان کو بری نگاہ سے دیکھے گا ہم اس کے خلاف یہی اعلان کریں گے۔

Mr. Chairman: Thank you. Now I put the resolution.

(مداخلت)

جناب چیئرمین : نہیں۔ sorry اب کوئی بات نہیں۔

(مداخلت)

Syed Iqbal Haider: Mr. Chairman, we must pay tribute to the Quaideen and the freedom fighters in occupied Kashmir, who have been valiantly struggling against the Indian atrocities. We must demand forthwith stoppage of use of force by the Indian Occupied Forces. We must demand the forthwith

withdrawal process of the Indian Armed Forces from Occupied Kashmir. We must call upon members of the Security Council to apply all their force and all their influence and all their means at their command to force India to agree to the implementation of the UN resolution immediately so that the lasting peace in the region is ensured and we must ensure that conditions conducive for a meaningful dailogue are created so that peaceful solution is found. Sir, no peace will be estabilished in this region unless conditions conducive are created. I support this resolution but this resolution is lacking in its force. Sir, this resolution is lacking in many respects the tribute to the Mujahidin , to their sacrifice and their consistent, valiant struggle must be paid .

جناب چیئرمین : چلیں جی یہ unanimous ہے ۔ جی راشدی صاحب۔

جناب حسین شاہ راشدی : جناب چیئرمین! لیڈران تو پارٹیوں کے بول چکے ہیں۔ دونوں طرف جو طفیلی ہیں ان کی طرف سے میں بھی اس قرارداد کی حمایت کرتا ہوں۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

(At this moment the Resolution was adopted unanimously.)

Mr. Chairman: I think there is no opposition, it is unanimously carried. Now should we move on to this Quota Bill?

کیوں جی آپ کے ممبر پورے ہیں۔

جناب خالد انور : جی ممبر پورے ہیں۔

جناب چیئرمین : جی فرمائیے move کریں۔

INTRODUTION OF THE QUOTA BILL.

Mr. Khalid Anwar: Sir, I beg to move that the Bill further to amend

the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitutional (Thirteenth Amendment) Bill, 1993], as reported by the Standing Committee be taken into cosideration at once.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: O.K. So, we know what the Bill is about. It is about the extension of Quota for another 20 years.

جی جناب آفتاب شیخ صاحب فرمائیے۔

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Mr. Chairman, I am grateful to you that today the circumstances in which I have been given the floor, I am the only person.

Mr. Chairman: No, Mr. Aali is also supporting you.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: I am the only person to say something about this bill.

(interruption)

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Sir, my time is being cut, kindly permit me to make my submission.

Mr. Chairman: Yes, please.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: Yes. Now, my submission Mr. Chairman, is about this bill and I told this in the Chamber just now, where is the bill? Now the bill which has been moved, Mr. Chairman, is a bill shown in the Order of the Day dated 26th August, 1993 and was moved by Mr. Justice (Retd) Abdul Shakurul Slam, Minister for Law, Justice and Parliamentary Affairs to introduce a bill further to amend the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, 1973 [The Constitution (Thirteenth Amendment)} Bill, 1993]. This was the bill

moved on 26th August, 1993. This bill was referred to the Committee and the Committee then was headed by Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Chairman, Standing Committee and the report of the Committee, Mr. Chairman, I will invite your attention to this, it is dated again 26th of August, 1993.

Now, this bill which was then presented before the House and which was again examined by the Committee chaired by Raja Zafar-ul-Haq then, was long pending and probably everybody had forgotten it but, in the year, 1994, on 26th September, 1994, another bill came on 'quota' and this is Syed Iqbal Haider, Minister for Law, Justice and Parliamentary Affairs to move that the bill further to amend the Constitution of Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Thirteenth Amendment) Bill, 1993], as reported by the Standing Committee be taken into consideration at once.

